قانونِ کشش

المعروف موہنی ودیا و ہمالہ پربت کا جادو

عثمان پبلی کیشنز

FREE
https://www.facebook.com/groups/

قانونِ کشش

المعروف

موہنی ودیا و ہمالہ پربت کا جادو

خوش جیوے سائل

عامل پیر بابا چ مانچسٹر

عثمان پبلی کیشنز

ملک جلال دین ہسپتال، چوک اردو بازار، لاہور

دکان بند ہونے کی صورت میں نیچے والے پتہ پر تشریف لائیں:

مچھلی منڈی، نزد اردو بازار، لاہور

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

جملہ حقوق محفوظ

محمد عثمان نے ریاض شہباز پرنٹنگ پریس لاہور

سے چھپوا کر عثمان پبلی کیشنز سے شائع کی۔

مصنف کی آراء سے ادارہ (پبلشر) کا متفق ہونا ضروری نہیں

ہر قسم کا پرنٹنگ کا کام ہم سے کروائیں، ہم رسالے، میگزین، بکس مکمل تیار کر

کے جلد بندی کروا کر دیتے ہیں۔ آپ کو کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں۔

عثمان پرنٹنگ ایجنسی اب ہر معلومات آپ سے ایک فون کال کے فاصلے پر۔

0333-4275783 - 042-37640094 - 0333-4096572

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز

ہر قسم کی بکس کیلئے پاور پی جس منگوانے کیلئے اس دیئے ذیل ایڈریس پر رابطہ کریں

عثمان پبلی کیشنز

پہلے یہاں تشریف لائیں:

عثمان پبلی کیشنز، ملک جلال دین ہسپتال، چوک لنگر دوبازار، لاہور

دکان بند ہونے کی صورت میں پتہ نوٹ کر لیں:

عثمان پبلی کیشنز، مچھلی منڈی، نزد لنگر دوبازار، لاہور

Email: upublications@yahoo.com

upublications@gmail.com

0333-4275783 - 042-37640094 - 0333-4096572

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

فہرست

پیش لفظ	7
پہلا سبق	8
بسم کرنے کا حصول اختیار	8
سلوٹی دودھ کا دوسرا سبق	12
تیسرا سبق	15
قوت کشش	15
چوتھا سبق	18
اہل کشش کی پہچان	18
پانچواں سبق	21
محروم کشش اشخاص کی پہچان	21
سلوٹی دودھ کا چھٹا سبق	23
نیک نیتی	23
خوش خلقی اور مہربانی	24
ساتواں سبق	25
آرام کرنا	25
بدن ڈھیلا کرنے کی ترکیب	25
آٹھواں سبق	27
ستائیس شخصی کا خزانہ	27
نواں سبق	30
طاقت خواص کا استعمال	30
شخصی اثر جمانے کی ترکیب	30
دسواں سبق	34
قانون سلب	34
کسی کی تصویر کھینچنا	34
تجویز	35
گیارھواں سبق	39
مسخرات کا مجرب عمل	43
قانونہ	45
غیبی امداد کا مجرب عمل	46
واپسی گرفتہ	47
بیماری کا حال معلوم کرنا	48
مسخر ہونے صورت سمجھی	49
دست غیب	50
نقش خاص	51
قانونہ	51
دست غیب کا مجرب عمل	53
قال قرآن پاک	54
محبت کا مجرب عمل	54
مطلوب عاشق ہو جائیگا	56
دست غیب بلکہ ہر مشکل کا حل	57
خمس اور سدا یام	58
عمل اسرافیلی	59
نقش عداوت	61
سحر البیانات	62
سردرد کا علاج	62
بچوں کا زندہ نہ رہنا	63
مسخر روزی کھولنے کا	63
مسخر روزی ملنے کا	63
فراہمی کے خاتمہ	64
[illegible]	64

جیوے جیوے پاکستان فراز نشام پبلشرز
FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

پیشاب کا بند ہونا	65	متر پیچش درد کا	77
ناسور کا علاج	65	ہرنیا کا علاج	77
دردزہ کا علاج	65	مرض دمہ کا علاج	78
تپ لرزہ کا علاج	66	آپریشن سے بچ جانا	79
ناف گج کرنا	66	سانپ بچھو کے کاٹے کا علاج	80
گلے کا ورم اور ورم ختم	67	ڈیبلس اور شکری بول	80
خون واسکام	67	مرض ہچکی	81
چنبل کا علاج	67	متر آنکھوں کے درد کا	81
برقان کا علاج	68	سیاروں کے اثرات	82
متر واسیر	69	دعوتی دینے کا طریقہ	83
بواسیر کا علاج	69	دن اور رات کی ساعتیں	84
سانپ کے کاٹے کا علاج	69	بیماری اور صحت کیلئے	86
متر سانپ کے کاٹے کا	70	شیر خوار بچہ ہر آفت سے محفوظ رہے	86
متر سے سانپ بھاگ جائیں	70	تیانے پر عمل کا طریقہ	87
بے اولادی	72	آنکھیں	87
خونی پیچش	72	پیشانی	87
ہچکی کا علاج	72	ناک	87
سوزاک کا علاج	73	ابرو	88
وتح مفاصل	73	لب	88
باؤ گولہ کا علاج	74	آواز	88
چوتھیے بخار کا علاج	75	دانت	88
فالج کا علاج	75	کان	88
مرگی کا علاج	75	چہرہ	89
دانت درد	75	گردن	89
سر درد کا علاج	76	رخسار	89
پیٹ درد	76	پیشانی	89

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

زبان	89	بھاگا ہوا واپس آئے	99
بازو	89	سوال و جواب ملے	99
انسان خود اپنے		محبت پیاری دفع حاجات	100
حالات معلوم کر سکتا ہے	90	چوری ہوا سامان واپس لانا	100
زحل	90	حاجات اور دفع سوزی	101
مشتری	91	چھڑا جائے	101
مریخ	91	دولت حاصل ہو	101
شمس	91	بُرے خواب آنا	102
زہرہ	92	بھید معلوم کرنا	102
عطارد	92	مشکل سے مشکل کام ہو جائے	102
قمر	92	اناج کبھی نہ ختم ہو	103
میاں بیوی ایک دوسرے		موکل حاضر ہو	104
سے محبت کریں	93	مراد پوری ہو	104
بُری نظر سے محفوظ رہے	93	کایا پلٹ	104
مرد صلح ہو	93	ولی مراد پوری کرنا	105
عورت صلح ہو	94	دشمن کو زیر کرنا	105
ہدایات برائے عامل	94	جوا نکول جائے	105
عملیات نقش تعویزات	95	تکلیف دور ہو	105
ساعت	95	غزانہ کی خواہش	106
تعویزات کا وقت	96	عقل بڑھ جائے	106
آتشی نقش	96	بے ہوش شخص ہوش میں آجائے	107
خاکی نقش	97	حفاظت حمل	107
بادی نقش	97	جھگڑا ختم ہو جائے	107
آبی نقش	97	آدھے سر کا درد	108
کاروبار کیلئے	98	ہر کام میں برکت کرنا	108
قرض سے نجات	98	سر درد ختم	108

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

مرض لقوہ	109
مرض نسیان	109
گھر کی حفاظت کیلئے	109
چور کی پہچان	110
تلی کا بڑھ جانا	110
حیران کیلئے	110
دشمن ذلیل خوار ہو جائے	110
پسلیوں میں درد	111
ہائیڈرو کا علاج	111
سوتا ہوا کم کو	111
نامردی	112
ہاتھ میں رعشہ خوش جیوت فراز	112
اولاد نرینہ کیلئے	112
منتر سے سیان کا علاج	113
منتر سے اختلاج قلب کا علاج	113
منتر ہاڈلے کتے کا	114
منتر سے کتے کے کاٹے کا علاج	114
گائے بھینس چارہ نہ کھائے	114
منتر چکر یہودی	114
منتر کالی سردی	115
منتر برائے محبت	115
منتر بین کھولنے کا	116
منتر کپڑا جلنے کا	116
منتر زبان بند کرنے کا	117
جب سلی	117
منتر شیخ سعد	118
منتر گنگا راہ	118
مرد عورت کا عاشق ہو جائے	119
جھگڑا کرنے والا خاوند صلح ہو	119
محبت پیدا کرنے کیلئے	119
صلح کرنے کیلئے	119
جدائی محبوب	120
منتر مطلوب	121
سر کے بال کالے ہوں	121
منتر عمل غیب	121
منتر صلح کرنے کا	122
منتر میاں بیوی میں صلح کا	122
منتر سے پیدا درد ختم ہو	123
ہوا کھایا ہوا باغ ہرا ہو جائے	123
منتر کے لئے پیدا دشمن ذلیل ہو جائے	123
منتر مشکل آسان ہونے کا	124
منتر ہر دلعزیز ہونے کا	124
منتر بھید معلوم کرنے کا	124
منتر محبت میں دیوانہ کرنے کا	125
محبت کیلئے	125
عورت کا اپنے خاوند سے ناراض نہ	126
منتر محبت میں پھنسانے کا	126
منتر محبت	127
منتر ہوم کرنے کا	127
منتر صداقت کا	127
منتر دل بادشاہاں کا	128
منتر شدید میں کامیابی	128

FREE AMLIYAAT BOOKS . pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

پیش لفظ

اس کتاب کی میں آپ سے کیا تعریف کروں یہ میری جوانی کے دن کی باتیں ہیں جب میں ہمالیہ پربت گیا وہاں جا کر میں نے کافی دن گزارے اور میں نے وہاں جا کر حاصل کیا۔ میں اسی کتاب میں لکھ رہا ہوں وہاں جا کر میرے اندر ہوائی طاقت آ گئی۔ ہاتھ چلنے لگا اور میں عمل لکھنے لگا میں نے بھی کبھی عمل عملیات نہیں لکھے تھے یہ کیا ہو گیا جب میں واپس آیا تو میرے اندر تبدیلی آ گئی اس کتاب میں میں نے تجربے کے نوٹ عملیات لکھ دیے ہیں جو میں پہلے تو یہ عمل سچے ثابت ہوئے اور میرے تعویز چلنے لگے جو لکھ سچ ثابت ہوئے یہ لوگ میرے آگے پیچھے۔ میں پریشان تھا کہ لوگ کوئی نہ کوئی مصیبت میں مبتلا ہیں ان سب کو اور اتنے راز کے لوگوں کو کیسے میں ٹھیک کروں لیکن میں نے ان کا ساتھ دیا اور ان کو ان کی ہوائی چیزوں سے نجات دلاتا گیا۔ آگے آپ خود دیکھیے۔

عامل حیدر بابا

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

.....پہلا سبق.....

بسی کرن یا حصول اعتماد

بسی کرن کا منتر بہت سے حضرات نے نام سنا ہوگا۔ زمانہ قدیم سے آج تک صدہا واقعات آئے دن سننے میں آتے رہے ہیں کہ انسان سے دن میں ایک ایسی باطنی طاقت بھی موجود ہے جس کے زور سے دوسرے آدمیوں کو اپنے بس میں کر سکتا ہے۔ ابتدا تہذیب کے زمانہ عروج میں جہاں دیگر علوم درجہ کمال کو پہنچ گئے تھے وہاں منتر اور تنتر دیا کا بھی بہت زمانہ تک بڑا چرچا رہا۔ لیکن امتداد زمانہ سے اب اس کی ہمت لوگوں کے دل سے فراموش ہوتی جاتی ہے کیونکہ درمیانی زمانہ میں ان علوم کا جو کچھ مختصر حصہ باقی رہ گیا تھا جائز استعمال کے باعث ان کا اثر اور بھی گھٹتا گیا حتیٰ کہ آج نہ تو عوام الناس اس قابل رہ گئے ہیں۔ ناجائز استعمال یا عدم استعمال سے ان علوم میں کچھ جان ہی باقی ہے۔

اس منتر دیا کا چرچا ہندوستان سے دیگر ممالک لے گئے اور انہوں نے ذاتی تحقیقات و تجسس سے کام لے کر اس کی ترقی میں اور بھی کوشش کی۔ اس کی تمام اصطلاحات کا اپنی زبان میں ترجمہ کیا اور اب اس کے متعلق بھی ایک باقاعدہ لٹریچر ترتیب دیا جا رہا ہے۔ صدہا کتب شائع ہو چکی ہیں اور روحانیت کی ترقی کے ساتھ جس قدر مزید انکشاف ہوتے جاتے ہیں اسی قدر بذریعہ ان کے روحانی لٹریچر میں اور بھی اضافہ ہوتا جاتا ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

FREE AMLIYAAT BOOKS pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

روحانیت کی ترقی محض پاکیزہ ارادہ پر منحصر ہے اور اسی کے ذریعہ سے انسان دنیا میں مشکل سے کام کر سکتا ہے۔ دنیا کا رخ پلٹ دینا اس کیلئے ایک معمولی بات ہے۔ دوسروں کو اپنے بس میں کر لینا یا اپنا معتقد بنا لینا تو بہت آسان ہے۔

اصل میں بسی کرن منتر کا مقصد یہ ہے کہ اس کے ذریعے سے باہمی اعتماد عالمگیریت محبت اور یکدلی و یکجہتی کی اسپرٹ کو ترقی دی جائے۔ اس کا یہ منشاء ہرگز نہیں تھا اور نہ کسی زمانہ میں ہو سکتا ہے کہ کسی خاص شخص کو اپنا مطیع اور معتقد بنا کر ناجائز طور پر اپنی مقصد برآری کی جائے۔ ہر چیز کی زیادتی خراب ہوتی ہے۔ ہندوستان اور مشرقی ممالک میں بھی ایک زمانہ ایسا تھا جب انہیں منتروں کے ذریعے سے پرائی دولت اور بیگانہ عورت پر قبضہ کرنے کی کوششیں کی جاتی تھیں، عمل کے ساتھ اثر لازمی ہے جو خیال و دل میں پیدا ہوگا وہ عمل کی صورت میں ایک نہ ایک روز تبدیل ہو کر اپنا اثر دکھائے گا۔ نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ ان کو اپنا جائز یا ناجائز مقصد حاصل تو ضرور ہو جاتا تھا مگر منتر کی طاقت گھٹ جاتی تھی۔

اس لیے اس سبق میں اس علم کے متعلق جو کچھ بھی بتایا جائے۔ یاد رکھیں کہ اس کو نہایت احتیاط کے ساتھ عمل میں لانا پڑیگا۔ ناجائز استعمال سے بجز نقصان کے فائدہ نہیں ہو سکتا۔ اگر ہدایات پر جائز عمل نہ ہوگا تو علم کی دقعت کم ہو جائے گی اور عامل کو خود روحانی اور جسمانی نقصان پہنچے گا۔

اسی بسی کرن منتر کی ودیا کا نام ہم نے اپنی اصطلاح میں شخصی کشش رکھا ہے اور جیسا کہ اوپر بتایا جا چکا ہے اس کا مقصد محض یہ ہے کہ تمام بنی نوع انسان کی محبت و دلداری اور باہمی یگانگت پیدا کی جائے۔ علاوہ ازیں اس کے اور بھی کئی نام ہو سکتے ہیں۔ مثلاً اثر دلی انسانی اور ربا کشش قلبی مگر سب کا مفہوم یکساں ہے یعنی وہ عمل یا مشق جس کے ذریعے سے دوسروں پر اپنا اثر غالب کیا جا سکے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

یاد رکھیئے کہ مقناطیس مخفی ہر فرد و بشر کے دل میں موجود ہے مگر ہر دل میں اس کا اثر مساوی نہیں ہے۔ کسی میں کم اور کسی میں زیادہ۔ جن لوگوں میں ایسی کشش کی طاقت کا زیادہ زور ہے ان کو اپنی زندگی کے ہر کام میں کامیابی حاصل ہوتی ہے جس کا ثبوت آپ کو اپنے روزانہ کاروبار میں ہر وقت مل سکتا ہے۔ اسی تاجر کی تجارت کو فروغ زیادہ ہوتا ہے جو اپنی قوت کشش کے زور سے خریداروں کا دل جیت لیتا ہے اور ایک مرتبہ دوکان پر بلا کر واپس نہیں جانے دیتا۔ اکثر ایسے آدمی دیکھنے میں آئیں گے جن کو دیکھتے ہی دوسرے ملنے والے ایک ہی ملاقات میں ان کے دام شیدا ہو جاتے ہیں ان کی قوت کشش اخلاق و ادب کی صورت میں ظاہر ہو کر ملنے والوں کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے یہ سب اسی طاقت کشش کا ادنیٰ سا معجزہ ہے۔ یہ تو چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں مگر یہی کشش بڑے بڑے کام کر دکھاتی ہیں۔

غرض یہ مادہ ہر شخص کے دل میں موجود ہے کوئی اس کا دیدہ و دانستہ استعمال کرتا ہے اور کوئی بے خبری کے ساتھ قوت کشش اپنا کام کرتی رہتی ہے اور بعض کو زندگی میں کامیابی بھی حاصل ہو جاتی ہے مگر ان کو خود اس امر کا ذرا بھی احساس نہیں ہوتا۔ اکثر اشخاص اس قوت سے بھی محروم ہوتے ہیں اور انہیں اپنا کاروبار زندگی میں ناکامیابی حاصل ہوتی ہے۔

اس کشش کا مادہ بہت ہی لطیف ہے اور جو اس کے ذریعہ سے اس کا امتیاز نہیں ہو سکتا۔ مگر جس شخص کی طرف اس قوت کشش کو مائل کیا جائے وہ ضرور بالضرور متاثر ہو سکتا ہے حالانکہ اس کو ذرا بھی احساس نہیں ہوگا کہ کسی بیرونی کشش سے متاثر ہو رہا ہے۔

دنیا میں جتنے آدمی سرسبز اور کامیاب نظر آتے ہیں اور جس قدر بڑے بڑے ہیرو مرد اور عورت زمانہ سابق میں ہو چکے ہیں اگر ان کی زندگی کا باریک بینی

FREE AMLIYAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کے ساتھ مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ان کی کامیابی تمام تر اسی باطنی قوت کشش کا نتیجہ تھا۔ ہر ملک اور ہر قوم میں بے شمار عورتیں اور مرد اپنے اپنے شعبہ زندگی میں سرسبز و کامیاب ہو کر دنیا کیلئے ایک نقش لاثانی چھوڑ گئے ہیں ان کی ترقی کا راز صرف یہی جذبہ کشش تھا۔ اس کے متعلق جتنی باتیں دستیاب ہو سکیں انہیں کا ذکر اس نصاب میں قلم بند کیا جاتا ہے اور امید ہے کہ ہمارے ہونہار شاگرد اس کا نہایت احتیاط سے مطالعہ کریں گے اور اگر ان کو زندگی میں سرسبزی اور فارغ البالی اور نام آوری حاصل کرنے کا ارمان ہے تو اس نادر قوت کشش کو ضرور بالضرور اپنے اپنے کاروبار زندگی میں جائز طور پر استعمال کریں گے۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

موہنی ودیا کا دوسرا سبق

مقناطیسی شخص کی تین قسمیں ہیں۔

دماغی یا روحی کشش۔

جذباتی کشش۔

جسمانی کشش۔

ان تینوں قسم کی کشش کا مادہ ایک ہی ہے اور تینوں باہم دیگر وابستہ و متعلق ہیں۔ ہمیشہ ایک دوسرے کے ساتھ تعلق رہتا ہے اور ہر شخص کے مزاج کے مطابق ایک دوسرے پر اپنی اپنی طاقت کے موافق غالب و حاوی رہتا ہے۔ مگر ان تینوں اقسام کو اچھی طرح ذہن نشین کرنے کیلئے مناسب ہے کہ کچھ واقفیت علم دماغ کے متعلق بھی حاصل کی جائے۔ تمام دنیا کا کاروبار ایک نہایت زبردست طاقت کے ذریعے سے چل رہا ہے جس کشش ثقل یا "آکرشن شکتی" کہتے ہیں۔ عالم کائنات کا ذرہ ذرہ اسی کشش کے ذریعے سے اپنی جگہ پر قائم اور ایک دوسرے سے متحد ہو رہا ہے۔ اسی کشش کے زور سے ہر چیز زمین کی طرف کھنچ آتی ہے اور کرہ شمسی کے تمام سیارے اور ستارے اپنی اپنی جگہ پر قائم ہیں۔ لیکن دنیا میں بہت کم لوگوں کو اس کشش کی موجودگی کا احساس ہوتا ہے۔ وہ آنکھ بند کیے ہوئے زندگی بسر کرتے ہیں اور ان کو نہیں معلوم کہ ان کے تمام مقاصد اسی کشش کے زور سے حاصل ہوتے ہیں اور ان کا تمام وجود محض اسی کشش پر منحصر ہے۔ حصول مقصد کے اور زندگی اور موت یہ سب باتیں محض مطلوبہ چیزوں کے باطنی پہلو یعنی خیال سے وابستہ ہیں اس کی فلاسفی علم الدماغ

FREE AMLIYAAT BOOKS pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کے ذریعہ سے معلوم ہو سکتی ہے۔ کسی چیز کا خیال کرو جس قدر خیال میں کشش زبردست ہوگی اسی قدر جلد وہ چیز حاصل ہو جائے گی۔

خیال دماغ کی حرکت سے پیدا ہوتا ہے اور کشش سے اس کا بڑا گہرا تعلق ہے جس وقت کسی چیز کا باقاعدہ تصور کیا جاتا ہے تو دماغ میں ایک زبردست لہر پیدا ہو کر متحرک ہو جاتی ہے۔ یہ لہریں دکھائی نہیں دیتیں اور نہ ہم ان کو سن سکتے یا کسی ذریعہ سے ان کی موجودگی کا اندازہ کر سکتے ہیں۔ یہ باطنی محل میں موجود ہوتی ہیں۔ اس میں شک کرنا فضول ہے کہ جو چیز دیکھی سنی یاد نہ نہیں کی جا سکتی وہ موجود کس طرح ہو سکتی ہے۔ دماغ ہی صرف وہ بہترین آلہ ہے جس میں تصور کی لہریں نقش ہو کر خیال اور عمل کی شکل میں ظاہر ہوتی ہیں،

دماغ میں خیال کی لہریں کیسے نقش ہوتی ہیں اس کا ذکر تفصیلی ٹیلی پیتھی یا سائیکو ڈیا کے متعلق کسی کتاب میں مل سکتا۔ ہم یہاں اختصار سے کام لے کر مقناطیس شخص کے متعلق واقفیت بہم پہنچائیں گے۔

یاد رکھو کہ ہر لحظہ اور ہر دم تمہارے دل میں خیالات پیدا ہوتے رہتے ہیں کسی کا زور کم ہوتا ہے اور کسی کا زیادہ لیکن یہ سلسلہ خیالات برابر جاری رہتا ہے اور کسی وقت نہیں رکتا اور انہیں خیالات کا تم کو پھل ملتا رہتا ہے۔ ہر خیال کی نشوونما پران یا نفس کے ذریعہ سے ہوتی ہے۔ اگر ٹھیک ٹھیک طریقے سے پران کے ذریعے اس کی نشوونما نہیں ہوگی تو خیال میں بالکل زور نہیں ہوگا پران بھی ایک طاقت کشش ہے اور محض اس پر تمام خیالات اور عملوں کا دارومدار ہے۔ بغیر پران یا نفس کی مدد کے کوئی خیال قائم نہیں ہو سکتا۔ انسان کے دماغ میں ایک قسم کا مادہ موجود ہے اور اسی کے ذریعے سے ہر خیال ظاہر ہوتا ہے۔ خیال کھوپڑی میں جا کر ٹکراتا ہے اور اس کے بعد اس سے مل کر صورت اختیار کرتا ہے۔ اسی صورت کے مطابق ہر قسم انسانی کی صلاحیت

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ہوتی ہے خواہش سے خیال پیدا ہوتا ہے۔ خواہش میں جس قدر زور ہوگا اسی قدر قوت خیال میں ہوگی خواہش تیز ہوتی ہے۔ اس قدر جلد اس کا نقش دماغ میں قائم ہو لیکن دماغ پر ہر خیال کا اثر نہیں ہو سکتا۔ تم کو اپنے خیال کے ظاہر کرنے میں جس قدر زیادہ جانبی ہوگی اسی قدر آسانی کے ساتھ جس دل کو چاہو اپنے بس میں کر سکتے ہو۔ اس کے علاوہ یاد رکھو ہر خیال یا خواہش کی قوت تحریک کیلئے مقناطیسی ارادے، کی ضرورت ہوتی ہے اگر تمہاری قوت ارادی کافی ترقی پا کر مضبوط اور مستقل بن چکی ہے تو ضرور تمہارے دل پر زور مستحکم خیالات پیدا ہوں گے۔ ہر بات کا دارومدار اسی ارادہ کی کشش پر رہتا ہے۔

مہاتما سدھی سدھی رام شرما	عملیات جادو جن چڑیل بھوت اور عمل کے بارے میں مہاتما سدھی کے بیانات سدھی رام شرما کی آپ بیتی جو اس پر گزری حالات و واقعات عمل قیمت 300
تنتر شاستر جادو چٹا جادو حکیم رام کشن	پرانے ہندوؤں دیوتاؤں، جادو اور چڑیلوں کے قصے کہانیاں اور شعبدہ بازی کے راز کیا تھے ان لوگوں کا کاروبار جادو کرنا سکھاتا تھا قیمت:270
تسخیر جنات حاجی شمس الدین	جنات کو تسخیر کیسے کرتے ہیں اعزاز کو قابو کیسے کرتے ہیں ان دونوں طلسموں کو ہاتھ میں رکھنے کا علم سیکھئے قدیم اعزاز اور نئے اعزاز میں کیا فرق ہے؟ قیمت:240

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

.....تیسرا سبق.....

قوت کشش

یہ سائنٹیفک اصول ہے کہ انسانی دماغ کی ہر ایک طاقت انہیں چیزوں کو اپنی طرف کھینچ سکتی ہے جن کی نوعیت اس کے مطابق ہوتی ہے۔ مقناطیس لوہا جس طرح لوہے کو اپنی طرف کھینچ سکتا ہے۔ اسی طرح جس قسم کی خواہش یا خیال ہوگا۔ اس قسم کی چیز اس کے ذریعے سے کھینچ سکتی ہے علاوہ بریں ہر طاقت کی کشش بھی یکساں نہیں ہوتی۔ ہم جنس، ہم جنس کی طرف کھنچتا ہے۔ یہ ایک قانون ہے جو زمانے اور ہر جگہ برابر کام کرتا رہتا ہے۔

پھر کسی طاقت کا جس قدر زیادہ زور کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے اسی قدر جلدی کوئی چیز اس کی طرف کھنچ سکتی ہے۔ صرف ان طاقتوں کا استعمال شرط ہے کہ ہر قسم کی کوشش کا مادہ ہم اپنے دل میں پیدا کر سکتے ہیں۔ جس چیز کو حاصل کرنے کا دل میں ارمان ہے وہ ہمیں مل سکتی ہے۔ بشرطیکہ ہماری خواہش بھی اسی قدر مضبوط اور اثر انگیز ہو کہ اس کے ذریعے سے قوت کشش عمل جامہ پہن سکے۔

فرض یہ کہ مادہ کشش ہر ایک دل میں موجود ہے اور اس کا کھیل ہر جگہ دنیا میں نظر آ رہا ہے۔ تم کہیں چلے جاؤ تمہارے دل میں جیسا مادہ کشش موجود ہوگا ویسے ہی اثر

FREE AMLIYAAT BOOKS.pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اس کا دوسروں پر پڑے گا اور ان کے دل میں ایک جوابی کشش پیدا ہو جائے گی۔

اگر تم کسی مرد یا عورت سے محبت کرنا چاہتے ہو تو اسی محبت کی کشش کے ذریعے سے اس کے دل میں جو کشش الفت کا مادہ موجود ہے اس کو پیدا کرو۔ وہ خود تم سے محبت کرنے لگے گی۔

اگر کسی سے کوئی کام کرانا چاہتے ہو تو ویسا ہی دل میں خیال پیدا کرو کہ کشش کی لہر دوڑا دو نتیجہ یہ ہوگا کہ اس لہر کے ٹکرانے سے اسی کام کرنے کی خواہش اس شخص کے دل میں پیدا ہو جائے گی اور وہ وہی کام کرے گا۔ اسی طرح تمام باتیں ہو سکتی ہیں۔

فرض کرو کہ تم کسی کو قید یا مصیبت سے چھٹکارا دلانا چاہتے ہو تو اپنے دل میں یہ خیال کرو کہ وہ شخص اس مصیبت سے نجات پا رہا ہے اسی خواہش اور خیال کو ترقی دے کر اس طاقت کو بڑھاتے جاؤ۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ اس خیال کی لہر اس شخص کے دل میں ٹکرائے گی اور خود بخود وہ چھٹکارا پانے کی تدبیر کرنے لگے گا۔ جتنا تمہارا خیال زور پکڑتا جائے گا اتنا ہی وہ شخص اپنی رہائی کیلئے بیتاب ہوگا۔ ایک روز آخر کار دونوں کے خیالات ایک دوسرے پر محو ہو جائیں گے اور وہ شخص اپنی مصیبت سے چھٹکارا پا جائے گا۔

یہ باتیں روزمرہ دیکھنے میں آتی ہیں بسا اوقات ایسے مہاتما مل جاتے ہیں جن کے خیالات کا اثر ہمارے دل پر باطنی شکل میں غالب ہو جاتا ہے اور اس وقت ہمارے خیالات ویسے ہی نیک بن جاتے ہیں۔ بخلاف اس کے خراب آدمیوں سے ملنے جلنے اور خراب صحبتوں میں بیٹھنے اٹھنے سے ان کے خیال کے اثر سے مغلوب ہو کر ہمارے خیالات بھی خراب ہو جاتے ہیں۔

اس لیے ہر نوجوان مرد اور عورت کو اپنی زندگی کے میدان میں قدم رکھتے وقت اپنے دل میں اس مادۂ کشش کو ترقی دینا چاہیے۔ بعض مرتبہ اس کشش کا دوسری طرف سے مختلف جواب ہوتا ہے اور وہ آدمی ایک دوسرے کی طرف کھنچ جانے کے بعد

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

دور جا پڑتے ہیں۔ مگر یہ کیفیت اسی حالت میں واقع ہوتی ہے جب خیال کی نوعیت کے خلاف کسی چیز کو کھینچنے کا ارادہ کیا جائے۔ اس لیے جتنی عمدہ باتیں ہوں انہیں ترقی دینا واجب ہے نیک اور شریف خیالات کی ہر وقت دل میں نشوونما کرنی چاہیے۔ جب کسی سے بات چیت کرو جب کسی سے آنکھ ملاؤ۔ تو اچھے اچھے خیالات دل میں موجود ہوں تمہاری نظر سے ان نیک خیالات کا احساس ملنے والوں کو ہوتا رہتا ہے۔ اس لیے پاکیزہ اور اعلیٰ مادہ کشش پیدا کرنے کیلئے مناسب ہے کہ اپنے آپ کو قابو میں رکھنے کی طاقت بڑھائی جائے کیونکہ حاصل کرنے کی طاقت کے بغیر اس کشش سے کچھ فائدہ نہیں ہوسکتا۔

اس لیے لازم ہے کہ تم اپنے اندر ایسا مادہ کشش پیدا کرو جس سے خود اعتمادی کا جوہر حاصل ہو۔ خودداری کی صفت پیدا ہو سکے۔ اپنی ذات پر قابو حاصل کر سکو اور دل میں بے خوفی ہمت اور بہادری کی پسرٹ نمودار ہو۔ کبھی کسی خراب نیت سے اپنے خیل کو کسی شخص کی جانب مائل نہ کرو۔ جسمانی و دماغی ترقی کے ذریعے سے مادہ کشش کی نمود ہونی چاہیے۔ ایک روز تم کو دنیا میں اقتدار حاصل ہو جائے گا اور دنیا تمہارے آگے سر جھکائے گی۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

.....چوتھا سبق.....

اہل کشش کی پہچان

اس سبق میں شاگردوں کو ایسے اشخاص کے خواص بتائیں جائیں گے جن کی قوت کشش نمودار ہو کر دنیا میں روزمرہ اپنا کام کرتی ہے۔

جس آدمی کے اندر مادہ کشش موجود ہے اس کو تم ہمیشہ نہایت بردبار اور سنجیدہ پاؤ گے اور جس وقت اس کے سامنے جاؤ گے تم کو خود اپنی ذات پر ایک سنجیدگی اور متانت کا عالم طاری ہوتا ہوا معلوم ہوگا اس کے دماغ میں کبھی نظر آئے گی۔ بے چینی اور گھبراہٹ کا نشان نہ ملے گا۔ اس کی عادت میں خاموشی اور سنجیدگی یہ دو باتیں خاص طور پر قابل غور ہوں گی اور وہ اپنی اس باطنی طاقت سے باخبر رہے گا جس کے ذریعے سے دوسروں کو مغلوب کیا جا سکتا ہے۔ تم کو معلوم ہوگا کہ اس کے دن کے اندر ایک خاص محفوظ طاقت کام کر رہی ہے جس کی بدولت تم اس کے اثر سے مغلوب ہو گئے اور یہی طاقت ایسی ہے جس کا مقابلہ تم سے ممکن نہیں اور نہ تم اس کے اوپر غالب آسکتے ہو۔ وہ شخص تم سے نہایت ہمدردی اور دل سے ہی آملے گا اور شیریں زبانی سے گفتگو کرے گا۔ غرضیکہ اتنی ہی دیر کی ملاقات میں ایسی ایسی علامتیں تمہارے دل پر اثر جمائیں گی اور تم کو اس کی ایک ایک بات اور ذرا ذرا سی چال ڈھال پسند آجائے گی۔ وہ تم سے اپنے متعلق کوئی بات نہیں کہے گا اور کاموشی سے بیٹھا رہے گا جس سے

FREE AMLIYAAT BOOKS.pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اس کی دھاک تمہارے دل پر بیٹھ جائے گی۔ اس کے دیکھنے کا عجیب انداز نظر آئے گا۔ تم غور کرو گے کہ تمہاری جانب آنکھ اٹھا کر کبھی نہیں دیکھتا لیکن اس کی نظر میں تم ہے رہو گے جس مقام سے تمہاری ناک شروع ہوتی ہے وہیں پر اس کی نظر رہے گی لیکن اس نگاہ کا مدعا اور مقصد جدا گانہ ہوتا ہے حالانکہ کسی طرح اس سے نقصان پہنچنے کا احتمال نہیں ہو سکتا۔ یہ انداز نگاہ بالکل بے ضرر ہوتا ہے جس وقت تم اس شخص سے کہو سنو گے وہ تمہاری طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھے گا اور محض تمہاری بات کو سننے اور دماغ میں ذہن نشین کرنے میں محو معلوم ہوگا۔

جب تم اپنی بات بالکل ختم کر لو گے تو وہ نہایت احتیاط اور آزادی کیساتھ جواب دے گا اور جس وقت آنکھ اٹھا کر تمہاری طرف دیکھے گا تو اس کا اثر محبت سے بھرا ہوا مضبوط اور غالب رہے گا۔

ایسے آدمی نہایت صاف دل اور مہربان طبیعت ہوتے ہیں اور ان کی قوت ارادی بہت زبردست ہوتی ہے۔ ذرا سی دیر کی ملاقات میں تمہارے دل پر یہ اثر جم جاتا ہے کہ واقعی یہ شخص قابل بھروسہ ہے اور جو کچھ وہ کہے سنے اسی کے مطابق عمل کرنا چاہیے۔ شاید تم کو اس کا راز معلوم ہوگا وہ شخص اپنی نگاہ سے تمہارے دل پر اثر جما دیتا ہے کہ اس کو گویا ٹھیک ٹھیک طور پر معلوم ہے کہ وہ تم سے کیا کیا کام لے سکتا ہے۔ اسی لیے وہ کچھ کہتا سنتا نہیں کیونکہ وہاں تو اطمینان ہے کہ جس بات کی اس کو ضرورت ہے وہ خود بخود تم کچھ عرصہ میں اس کیلئے مہیا کر دو گے۔

اس طرح اس کے باخبر کھینچنے والے دل کا اثر تمہارے بے خبر دل کے اوپر غالب ہو جاتا ہے جس سے انجام کار اس کی کشش سے دب کر تم اس طرف کھنچ جاتے ہو اور جب تمہاری کشش مل کر اس کی کشش کا زور بڑھ جاتا ہے تو وہ تمہارے دل پر غالب ہو کر تم سے جو چاہے کرا سکتا ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ذرا ایسے شخص کی طرز گفتگو کا غور سے مطالعہ کرنے کی ضرورت ہے وہ تم کو کسی بات کے متعلق اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتا سنتا اور جو کچھ باتیں بھی بتاتا ہے وہ زیادہ ضروری نہیں ہوتیں حالانکہ اس کے سامنے اس کی قوت کشش سے مغلوب ہو کر تم اس کی ایسی باتوں کو بھی کارآمد اور اہم سمجھ لیتے ہو جن سے حقیقت کوئی نتیجہ نہیں نکل سکتا۔

ان سب باتوں سے تم کو یہ نتیجہ اخذ کرنا چاہیے کہ اس شخص نے محض اپنی نیچی خواہش کی طاقت سے کام لے کر جس کے ساتھ ساتھ ارادہ موجود تھا مقناطیسی شخص کی قوت بڑھالی ہے اور اس کے ذریعے سے وہ دنیا بھر دولت کامیابی شہرت قبولیت اور ذاتی اقتدار حاصل کر رہا ہے وہ چونکہ علم ارادہ کے مقرر قوانین کی حرف بحرف پابندی کرتا ہے۔ اسی لیے اس کو ہر کام میں کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

اب غور کرو کہ اس شخص کا تمہارے دل پر کیا اثر پڑا۔

دیکھو اس کی ایک ایک بات پسند خاطر ہو گی اور اس کی محبت سے فائدہ اٹھانے کا شوق تمہارے دل میں پیدا ہو گیا۔ کیونکہ تم اس کو اپنا ہمدرد دلنواز اور محبت صادق سمجھنے لگے ہو لیکن پھر بھی تم کو یہ مطلق خبر نہیں ہے کہ رشتہ یگانگت بہت ہی پر اسرار طریقے سے قائم ہوا ہے۔

اس کے علاوہ غور کرنے سے ایک بات اور معلوم ہو گی۔ دوران گفتگو میں تم نے بغیر اس شخص کے پوچھے اپنے دل کا سارا حال اس کے اوپر ظاہر کر دیا خود بخود ساری باتیں اس کے سامنے اگل دیں۔ وجہ یہ تھی کہ تم اس کو اس طرح خوش کرنا چاہتے تھے۔ اور دیکھو اسی طرح وہ شخص تم کو اپنا مطیع بنا کر جو چاہے کام لے سکتا ہے اور اپنی کمزوری کے باعث تم اس کی مخالفت بھی نہیں کر سکتے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ اس شخص کو اس مقناطیسی کشش کا قانون معلوم ہے مگر تم اس سے بے خبر ہو۔

FREE AMLIYAAT BOOKS ..... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

.....پانچواں سبق.....

محروم کشش اشخاص کی پہچان

تم کو پچھلے سبق میں اس شخص کے خواص بتائے گئے جس کے دل میں مقناطیسی کشش کا مادہ موجود تھا۔ اب ایسے آدمیوں کی پہچان سنو جن کے دل میں یہ مادہ پیدا نہیں ہوا ہے۔

محروم کشش اشخاص کی زندگی ایام نہایت پریشانی کے عالم میں بسر ہوتے ہیں کبھی تقدیر کا شکوہ، کبھی نیرنگی چرخ کا گلہ، جیسے کسی بیزار اور ہمیشہ کسی دردمند کے متلاشی جوان کی سراسیمگی کی حالت سے ہمدردی ظاہر کرے اور مناسب طور پر ان کی مشکل آسان کردے۔ کبھی کسی کے سامنے دست سوال نہ پھیلانا۔ کبھی کسی کے پاس تشفی کیلئے جانا، غرضیکہ رات دن کوفت میں گزرتی ہے۔ ایسے آدمی جب کسی کے پاس جائیں گے تو غمگین باتوں کے ذریعے سے اس کا دل بھی مغموم کریں گے اگر کسی محفل عیش ونشاط میں پہنچ گئے تو سارا لطف اور رنگ پھیکا کردیا۔ بقولیکہ

افسردہ دل افسردہ کند انجمنے را

اس کی رونی صورت دیکھ کر ہر شخص کی خوشی کا جوش مرجاتا ہے ایسے آدمی کبھی بھی خوشیاں نہیں مناتے ہیں اور ہمیشہ اپنے روز پوشیدہ رکھتے ہیں لیکن طرہ یہ ہے کہ دوسروں سے چاہتے ہیں کہ کوئی ہمارا رنج بٹالے۔ ایسے آدمی کا مزاج بہت جلد تبدیل

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ہو جاتا ہے اور ایک بات پر قائم نہیں رہتا۔ یہ اپنے آپ کو قابو میں نہیں رکھ سکتا اور بڑی جلدی غصہ، نفرت اور کینہ و حسد کا مادہ اس کے دل پر غالب آ سکتا ہے۔ اس شخص کی کوئی ذاتی رائے نہیں ہوتی۔ وہ ہمیشہ دوسروں کی مدد اور رائے کی تلاش میں رہتا ہے۔ اس کے دل پر کچھ اثر نہیں کرتا۔ اس کو حصول رفاقت کی ذرا بھی خبر نہیں ہوتی نہ اپنی مدد آپ کر سکتا ہے اور نہ دوسروں کو ترقی کرنے دیتا ہے۔ اپنے جسم و دماغ کی قدرتی طاقتوں کے متواتر غلط استعمال کرنے سے اس کی قوت کشش زائل ہو جاتی ہے اسے کبھی ترقی کرنے کی پرواہ نہیں ہوتی اور کبھی موقع ملتا ہے تو وہ اس سے فائدہ نہیں اٹھاتا۔

اب ذرا اس کی نگاہ کا انداز دیکھیے۔ آنکھیں برابر حرکت کرتی رہتی ہیں اور دیدے ادھر ادھر بار بار پھرتے رہتے ہیں۔ ایسے شخص کا جو کام ہوتا ہے عجلت اور گھبراہٹ کے ساتھ ساتھ پاؤں پھول اٹھتے ہیں۔ دل دہلنے اور کانپنے لگتا ہے۔ منہ سے جو بات نکلتی ہے الٹی۔ جو لفظ نکلتا ہے غلط، کہنا کچھ چاہتا ہے کہہ جاتا ہے کچھ اور اس کے علاوہ غیر مولوں اور خلاف محل الفاظ بھی زبان سے نکل جاتے ہیں۔

ایسے اشخاص اگر کسی کے سامنے دم بھر کیلئے ٹھہر جائیں تو طبیعت پریشان ہو جاتی ہے کیونکہ ان کی کمزوری کا اثر دل پر پڑ جاتا ہے۔ دیکھنے والے کی طاقت کشش زائل ہو جاتی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ دیکھنے والا اپنی طاقت کشش سے بے خبر ہوتا ہے ورنہ اس سے کام لے کر اس مغموم شخص کا اثر اپنی طرف آنے بھی نہیں دیتا۔ بے خبری کی وجہ سے جو قوت کشش دیکھنے والے کے دل میں موجود ہوتی ہے اس میں نقص واقع ہو جاتا ہے۔ اگر ملنے والے کو اس کشش کا علم ہو تو فوراً اس کے ذریعے سے وہ اس غم انگیز اثر سے خود اپنی حفاظت کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اس ضعیف الارادہ شخص کی قوت کشش پر غالب آ کر اس کو مسلح بھی بنا سکتا ہے۔

اس لیے مناسب ہے کہ آئندہ سبق میں ہم مقناطیسی شخص کو ترقی دے کر

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کامیابی حاصل کرنے کا گر سیکھ لو اور کمزور ارادہ کو اپنے دل سے نکال دو۔

موتی دریا کا چھٹا سبق

نیک بینی

نیک بینی کی عادت یعنی کسی بات میں برائی نہ دیکھنا، بلکہ اس کے اچھے پہلوؤں پر نظر ڈالنا۔ متناطیسی کشش کی ترقی کیلئے یہ عادت نہایت اعلیٰ ہے اور انسان اس کی بدولت ہمیشہ ہر انسان اور ہر چیز کے محاسن پر ہی نظر ڈالتا ہے۔ معیوب کی طرف رخ بھی نہیں کرتا۔ اس لیے جہاں تک ممکن ہو اس اصول کی پروی کیجئے کیونکہ اس کے ذریعے سے ہمت، محبت، باہمی اعتماد اور ہر دلعزیزی حاصل ہوتی ہے۔ دنیا کی نگاہوں میں اپنا وقار قائم ہو جاتا ہے اور ہر کس و ناکس کے دل میں اس صفت سے متصف انسان کی قدر و قیمت بڑھ جاتی ہے۔ ہمیشہ ہر شخص کی اچھی عادتوں اور خوشگوار پہلوؤں پر نظر ڈالنا مناسب ہے اس اصول سے تمہارے خیالات بھی روز بروز پاکیزہ ہوتے جائیں گے اور لوگوں کے دلوں میں بھی تمہاری عزت کا خیال مضبوط ہوتا جائے گا۔ ناگوار باتوں کی طرف کبھی رخ نہ کرو۔ جس سے دل میں میل ہی نہ آسکے۔ ایسا کرنے سے خود ان معیوب یا نقص آمیز پہلوؤں کی طاقت گھٹتی ہے۔ نیک بینی سے دو دل ایک دوسرے کی جانب کھنچ آتے ہیں اور بدبختی سے پرے ہٹ جاتے ہیں جس سے رقابت پیدا ہو جاتی ہے۔ ہمیشہ نیکی کی طرف توجہ اور بدی سے احتراز لازم ہے۔ ایسا کرنے سے نیک خیالات کی دل میں افزائش ہوتی رہے گی۔ طبیعت بے لوث بے میل ہو جائے گی اور زندگی کا لطف حاصل ہو سکے گا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

خوش خلقی اور مہربانی

ایک قول ہے کہ اخلاق خود بیدام حاصل ہو سکتا ہے لیکن اس سے ہر چیز خریدی جا سکتی ہے اور طالبان علم کشش کو اس قول پر ہمیشہ کاربند ہونا چاہیے۔ اپنے طریق و شعار بہت ہی نیک اور ممتاز ہونا چاہیے۔ بڑا ہو یا چھوٹا، ہمسن ہو یا دوست ہر شخص کے ساتھ یکساں اور خوشدلی کے ساتھ سلوک کرنا مناسب ہے خصوصیت کسی کے ساتھ نہ کرنا چاہیے۔ انسان کو واجب ہے کہ ہر شخص کے ساتھ نہایت محبت و اخلاق کے ساتھ پیش آئے اور اپنے جملہ متعلقین عزیز و احباب نیز دوست و آشنا کے ساتھ نہایت التفات و محبت سے گفتگو کرے۔

زندگی کا طرز عمل کسی طرح قابل اعتراض اور ناگوار خاطر نہ ہونا چاہیے۔ ہر دلعزیزی ایک بیش بہا شے ہے۔ اگر انسان ان تمام صفات سے متصف ہو جائے تو اس کی ہر ایک حرکت بود و باش اور طرز گفتگو میں ایک خوشگوار تبدیلی پیدا ہو جائے گی۔ چہرہ بہت صاف آنکھیں محبت آمیز غرضیکہ جسم کا ہر عضو اسی صفت کے مطابق جنبش کرنے لگے گا۔ طرز معاشرت نہایت اعلیٰ ہو جائیگی۔ جتنی جتنی ترقی ان صفات میں ہو جائے گی اتنی ہی اتنی دل کی کمزوریاں دور ہونے لگیں گی۔ غصہ، خوف اور فکر کبھی پاس نہ پھٹکے گا اور بغض و حسد، رشک مایوسی اور سب باتوں کی گرد بھی دامن تک نہ پہنچے گی کیونکہ یہ جذبات غیر مقناطیسی اور پاکیزہ ہوتے ہیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

.....ساتواں سبق.....

آرام کرنا

آؤ ہم بتائیں کہ سکون و آرام حاصل کرنے کا کیا طریقہ ہے۔ اپنے جسم کے تمام اعضاء ڈھیلے کرو اور دماغ کو بالکل جنبش نہ دو تم کو یہ عمل شروع شروع میں ذرا وقت طلب معلوم ہو گا لیکن باقاعدہ اور بلاناغہ مشق سے ایک روز کامیابی حاصل ہو جائے گی۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ دانجے

مشق: بہت آرام سے کھڑے ہو جاؤ۔ دونوں پاؤں ایک دوسرے سے علیحدہ علیحدہ رہیں، اب تمام اعضاء ڈھیلے کرو۔ اس کے بعد اپنے جسم کو ادھر ادھر اس طرح چکر دو کہ دونوں ہاتھ بھی اس کے ساتھ گھومتے جائیں مگر طاقت صرف کرنے کی مطلق ضرورت نہیں ہے جسم و دماغ پر ذرا بھی زور نہ کرو۔ اس مشق سے رفتہ رفتہ بغیر تھکاوٹ کے جس قسم کی حرکت چاہو کر سکتے ہو۔

بدن ڈھیلا کرنے کی ترکیب

مشق: کسی تنہا کمرے میں جا کر بہت آرام سے بیٹھ جاؤ جہاں ذرا بھی غل و غش نہ ہو۔ اس کے بعد تمام اپنے جسم کے اعضاء کو ڈھیلا کر دو۔ کوئی عضو سخت نہ رہنے پائے۔ اگر کسی پر بیٹھے ہو تو بہتر یہی ہے کہ لیٹ جاؤ اور پاؤں پر پاؤں نہ رکھو۔ بلکہ

FREE AMLIYAAT BOOKS pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

فرش پر دونوں پاؤں کچھ فاصلہ پر رہنا چاہیے۔ ہاتھوں کو بھی اس طرح ڈھیلا کر دو کہ رانوں تک پہنچ جائیں۔ پانچ منٹ تک اسی حالت میں رہو۔ بدن میں ذرا بھی جنبش نہ واقع ہونے پائے۔ مگر گہری گہری سانس لیتے جاؤ۔ سلسلہ تنفس کا جاری رہنا ضروری ہے۔ تھوڑی دیر بعد محسوس ہوگا کہ تمہارے پاؤں اس قدر بھاری ہو گئے ہیں کہ ذرا بھی جنبش نہیں کر سکتے۔ اس حالت میں یہ معلوم ہی نہیں ہوتا کہ جسم اور پاؤں کے مابین کچھ تعلق ہے بھی یا نہیں کیونکہ تم خود ہی ان کو جنبش دو گے۔ نہ طبیعت چاہے گی کہ ایسا کرو۔ تم کو اپنے جسم نے پاؤں علیحدہ محسوس ہونے لگیں گے۔ اب اس احساس کی لہر باقی تمام جسم میں دوڑنے لگے گی حتیٰ کہ پاؤں کا بھی یہی حال ہو جائے گا۔ ذرا بھی حرکت ہاتھوں میں نہ ہوگی معلوم ہوگا کہ یہ بھی جسم سے علیحدہ ہو گئے۔ شانہ بھی ہلکے ہو جائیں گے اس کے بعد آنکھیں خود بخود بند ہونے لگیں گی۔ اب سانس باقاعدہ چلنے لگے گی۔ اس سلسلہ تنفس کا تمہارے اوپر ذرا بھی اثر نہ پڑے گا۔ بالکل طاقت نہ خرچ ہوگی اور جو سانس اندر ہوگی اس سے دل و دماغ میں تازگی پیدا ہوگی اور اعضاء پہلے بھی زیادہ ڈھیلے ہونے لگیں گے۔ جب یہ حالت قائم ہو جائے تو حسب ذیل طریق پر مراقبہ کرو اور اسی خیال میں محو ہو جاؤ۔

مجھے جسم و دماغ میں سکون کامل حاصل ہو رہا ہے۔ ذرا بھی طاقت خرچ نہیں ہوتی اور میں بڑے آرام سے ہوں۔ اس وقت تمہاری روح کو یہ محسوس ہونے لگے گا کہ وہ اس وزنی جسم سے علیحدہ ہے اور اس میں شامل نہیں ہے جسم بالکل حرکت نہیں کرے گا۔ لیکن روح اس حالت میں بالکل آزاد ہو جائے گی اور اس وقت وہ تمہارے ہر ایک خیال کو ایک جگہ مرکوز کر سکتی ہے۔ لطیف اور نفسی طاقتیں یک جا ہونے لگتی ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ یہ عمل نہایت راحت بخش ہے اور یکسوئی دماغ میں اس سے بڑی مدد ملتی ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

آٹھواں سبق

مقناطیس شخصی کا خزانہ

دنیا میں مبارک ہیں وہ مرد اور عورتیں جن کے جسم اور دماغ میں کسی قسم کی بے ترتیبی موجود نہیں۔ طاقت کشش کو ترقی دینے کیلئے تندرستی کے بغیر کام نہیں چل سکتا۔ مشق تمرس کے ذریعے سے انسان اپنے اندر وہ طاقت مجتمع کر لیتا ہے جس کو زندگی یا پران کہتے ہیں۔ اس باطنی طاقت کی ترقی سے جسم کے اندر جس قدر پرانے اجزاء موجود ہوتے ہیں وہ خارج ہو جاتے ہیں اور نئے نئے تازے اجزاء ان کے بجائے جگہ کر لیتے ہیں۔ اسی پران کنی پوری کرہ پیدا ہو جاتا ہے۔ جب مشق تمرس کے ساتھ ہی ساتھ کسی خاص چیز یا شخص کا دھیان کیا جاتا ہے تو قوت خیال کے ہمراہ یہ لطیف اجزائے مادہ خارج ہوتے رہتے ہیں۔ ان لطیف اجزاء سے ایک خاص قسم کی روشنی پھوٹ نکلتی ہے اور اس روشنی کا رنگ خیال ظاہر شدہ کی نوعیت کے رنگ کا ہوگا اس مقناطیسی جلال کے کری کو بزبان سنسکرت تیج یا اورا کہتے ہیں۔

یہ کرہ جلالی جسم طالب کے ارد گرد قائم ہو جاتا ہے اور بدن سے اس کا فاصلہ دو ہاتھ چھ انچ تک رہتا ہے۔ اسی قدر مقناطیسی جلال کا دائرہ عمومی وسیع ہوتا جاتا ہے حتیٰ کہ چھ انچ سے لے کر کئی فٹ تک اس کی وسعت ہو جاتی ہے مگر یہ حال بالخصوص جسم کی تندرستی پر منحصر ہے۔ محمدہ اور مفید مقناطیسی کشش یا پران کنی سے جو جلال ہوتا ہے

https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

FREE AMLIYAAT BOOKS....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اس کا رنگ نارنجی ہوگا بہت سرخ رنگ خرابی صحت کی علامت ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جسم کی مقناطیسی طاقت گھٹ گئی ہے اس لیے جسم میں زندگی نارنجی لہروں کے داخلے سے اپنا توازن یا جلال ترقی دینے میں بڑی مدد ملتی ہے۔

بہرحال تندرستی سے کبھی غافل نہ رہنا چاہیے جس طرح ممکن ہو جسمانی صحت کو ترقی دینا لازمی ہے اس کیلئے ضرورت ہے کہ کافی آرام حاصل کیا جائے۔ اچھی طرح سونا چاہیے۔ اگر پہلے ہی سے تم کو جسمانی صحت حاصل ہے تو مناسب ہے کہ پرانایام یا مشق تنفس کے ذریعے سے اسکو مزید ترقی دی جائے۔ محض تنفس کے ذریعے سانس لینے سے جسم میں پران یا زندہ رہنے کی طاقت حاصل ہوتی ہے۔

غذائیں کبھی ایسی نہ استعمال کی جائیں جو ہلکی اور زود ہضم نہ ہوں۔ ہر قسم کے نشہ سے سخت پرہیز لازم ہے کیونکہ ان کے استعمال سے جسم میں ایک مقناطیسی یعنی یکسوئی اور کشش کی طاقت گھٹانے والا مادہ پیدا ہو جاتا ہے۔ خبردار تمباکو استعمال نہ کرنا، نہ گوشت کھانا، ہمیشہ گائے کا مکھن، دودھ اور گھی اور دہی وغیرہ استعمال کرنا، غذاؤں کے انتخاب میں ہمیشہ اپنی ذاتی پسند سے کام لینا اور ایسی چیزیں استعمال ہو جاسمانی و مادی اور روحانی زندگی کیلئے موزوں ثابت ہوں۔ اس بات کی بڑی دیکھ بھال رکھنا چاہیے۔ نہ بہت زیادہ نہ بہت کم، اتنا کھانا چاہیے جتنا ہضم ہو سکے۔ پینے اور نہانے کیلئے ٹھنڈا پانی استعمال کرنا چاہیے۔ روزانہ غسل کرنے سے بیماری بہت کم ہوتی ہے اور جسم میں کوئی خرابی واقع نہیں ہوتی۔ علی الصبح ٹھنڈے پانی سے نہانا چاہیے کیونکہ چہرہ کا جلال بڑھتا ہے۔ دھوپ میں رکھا ہوا پانی استعمال کرنے سے جسم کی خرابیاں دور ہو جاتی ہیں۔ راسخ الاعتقاد ہندوؤں کے یہاں یہ قاعدہ ہے کہ جب وہ نہانے لگتے ہیں تو پہلے داہنے ہاتھ سے تھوڑا سا پانی لے کر چند منٹ تک اس کو دھوپ میں رکھتے ہیں اور تندرستی کے ایماء پر اس میں مقناطیسی کشش قائم کر لیتے ہیں۔ تمہارا کھانا نہیں

https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

لوگوں کے ساتھ بنا چاہیے جو تمہارے سب سے زیادہ عزیز ہوں اور خاص طور پر ان کے ہاتھ تیار کیا ہوا کھانا کھانا چاہیے جن کو ہمیشہ تمہاری بھلائی اور خیریت منظور ہے اور جو تم کسی حال میں بھی تکلیف پہنچانے کی نیت نہیں کرتے۔ ایسا کھانا ہمیشہ لذیذ اور خوش ذائقہ ہوگا۔ مشاہدہ سے معلوم ہوا ہے کہ جو لوگ بھوک سے زیادہ کھانا نہیں کھاتے اعتدال سے کام لیتے اور گاہے گاہے برت رکھتے یا ناغہ کرتے ہیں ان کی تمام طاقتیں کسو ہو جاتی ہیں۔ دل میں مقناطیسی کشش کا کثیر خزانہ جمع ہو جاتا ہے جس کی بدولت ان کو جہد استی میں برابر کامیابی حاصل ہوتی رہتی ہے۔

مقناطیسی کشش کی طاقت کبھی ختم نہیں ہوتی۔ ہمارے اردگرد دنیا میں اس کا ایک لا انتہا سمندر موجزن رہتا ہے جو کھانا ہم کھاتے، جو پانی ہم پیتے اور جو اہم سلسلہ تنفس کے ذریعے سے پرورش جسم کے لیے مہیا کرتے ہیں اسی میں یہ طاقت موجود ہے۔ ہر سانس کے ساتھ ہمارے جسم میں یہ قابل مادہ جمع ہوتا ہے جس سے زندگی رہتی ہے۔ اگر خاص طور پر اس بات کا بالا احتیاط دھیان رکھ کر انسان سانس لیا کرے کہ اس کے ذریعے سے جسم میں مقناطیسی کشش طاقت حاصل ہو رہی ہے تو اس مادہ میں بڑی ترقی رونما ہونے لگے گی۔ اسی طرح کھانا کھانے کے وقت ہر لقمے کی نسبت یہی خیال رہنا چاہیے کہ اس کے ذریعے سے مقناطیسی مادہ دل میں جمع ہو رہا ہے پانی بھی اسی طرح پینا چاہیے۔ اس طریقے سے بیحد مادہ کشش مہیا کیا جا سکتا ہے جس کو زندگی کی ہر ایک مستعدی میں استعمال کر سکتے ہیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

نواں سبق

طاقت خواہش کا استعمال

شخصی اثر جمانے کی ترکیب

پچھلے اسباق میں جس قدر ہدایتیں درج کی گئی ہیں امید ہے کہ تم نے ان کے مطابق احتیاط سے عملدرآمد کیا ہوگا۔ اگر واقعی ان کی پابندی کی گئی ہے تو یقیناً تم کو زبردست مادہ کشش حاصل ہو گیا ہوگا۔

اب ہم یہ بتائیں گے کہ دوسروں پر انسان اپنا اثر کس طرح جما سکتا ہے۔

فطرت انسانی کے عمیق مطالعہ کی اس کیلئے سخت ضرورت ہے۔ اس سے پہلے خود اعتمادی کی صفت پیدا کرنا چاہیے۔ دل میں یہ عقیدہ مضبوطی سے قائم رکھنا پڑے گا کہ میں ہر شخص پر اپنا اثر جما سکتا ہوں۔ پہلے اس شخص کے چال چلن اور طرز بود و باش کا خاکہ ذہن نشین کرو۔ جس پر تم کو اپنا اثر ڈالنا منظور ہے اس کے بعد اس کی کمزوریوں پر نظر ڈالو اور خوب چھان بین سے کام لے کر جو خامیاں اس میں موجود ہوں ان کو مدنظر رکھو۔ اب انہیں کمزوریوں سے فائدہ اٹھا کر اس پر اثر ڈالنے کی کوشش کرو۔ ضرور وہ شخص تمہارا کہنا مان لے گا تم جو چاہو اس سے کرا سکتے ہو۔ اگر اس شخص کو موسیقی سے دلچسپی ہے تو اس کو خوش کرنے کیلئے گانے بجانے کا سامان مہیا کرو۔ جب وہ اس سامان سے خوش ہو جائے گا اس کے بعد جو کچھ تم چاہتے ہو اس کا مطالبہ

FREE AMLIYAAT BOOKS ..... pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

اس شخص سے کرو۔ ضرور وہ تمہارا کام کر دے گا۔ اس طرح کام لینے سے لوگ اپنی بڑی بڑی طاقتیں استعمال کر کے دوسروں پر اپنا اقتدار جما سکتے ہیں۔ بڑے بڑے معزز تاجر پیشہ ور لوگ جن کو عوام الناس کے ساتھ روزمرہ کاروبار کرنا پڑتا ہے برابر اسی طرح اپنی قوت ارادی سے کام لیتے اور اپنا دلی مقصد حاصل کر لیتے ہیں۔

کسی شخص کو اپنے قبضے میں کرنے کیلئے حسب ذیل طریقے سے کام لینا چاہیے جس وقت وہ شخص تمہارے سامنے آجائے اسی طرح مصافحہ کرو یا ہاتھ ملاؤ۔ اس کا ہاتھ مضبوطی سے اس طرح پکڑ لو کہ اس کو چوٹ نہ لگنے پائے اور جہاں تک اس کا ہاتھ تمہارے ہاتھ میں آسکے گرفت کیے رہو۔ کبھی انگلیاں نہ پکڑنا۔ ہاتھ اتنی جلدی اپنے ہاتھ میں نہ پکڑ لو کہ وہ شخص اپنی انگلیاں نہ موڑ سکے۔ جس سے اس کے ہاتھ کی گرفت ناممکن ہو جائے۔ اس کے بعد اس کے ہاتھ کو ہلاؤ اور جب اوپر لے جا کر نیچے کی جانب لانے لگو تو ایک مرتبہ چند سیکنڈ تک اور گرفت کیے رہو اس کے بعد جب اپنا ہاتھ واپس لانا منظور ہو تو اس طرح اپنی طرف کھینچ لو کہ تمہاری انگلیاں اس کی ہتھیلی پر انگوٹھا اس کی پہلی انگلی پر سے گزر سکیں۔

ہاتھ ہلاتے وقت کسی قدر اس شخص کے قریب قدم بڑھا دو اور اپنی مقناطیسی نظر کو اس کی ناک کے سرے پر مائل کرو کہ پلکیں جھپکنے نہ پائیں اس کے بعد جو بات اس سے کرانا منظور ہو اس کو دل میں بار بار دہراؤ۔

تمہارا ملنے جلنے کا طریقہ ہمیشہ خوشگوار ہونا چاہیے اور خیال رہے کہ جب دماغ یکسو نہ ہو اور طبیعت سلسلہ ہو گئی ہو اس وقت کبھی کسی شخص پر اپنا اثر ڈالنے کی کوشش نہ کرنا۔ ایسے موقع پر کافی سکون حاصل کرنا چاہیے اور کبھی اس شخص سے بحث و مباحثہ کرنا نہیں مناسب ہے جس سے اس کی دل شکنی ہو جائے۔

نہ ملتے وقت جوش ہی سے کام لینا چاہیے۔ بہت سی اخلاق و مروت داری کے

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

ساتھ پیش آنا مناسب ہے کامیابی محض اسی طریقے سے حاصل ہو سکتی ہے۔ بات چیت کرنے اور تجاویز پر خاموشی سے غور کرنے میں تاخیر نہ واقع ہو جائے۔ بہت مستعد رہنا۔ جس سے اس کا دل تمہارے خیال سے کبھی جدا نہ ہو سکے۔ کیونکہ برابر گفتگو اور خوشگوار لب و لہجہ سے اس کی توجہ تمہاری طرف مبذول ہو جائے گی جو کچھ بات کہو بہت سادہ صاف الفاظ میں اور اختصار سے کام لو۔ جب خود اس قدر اطمینان ہو جائے کہ اس کو تمہاری خواہشات کا خیال ہو گیا ہے تو ایک اثر انگیز انداز سے ان خواہشات کا بطور ایماء اظہار کرو اور اپنی تمام دماغی طاقت اس کے ناک کے سرے پر مرکوز و مائل کرو۔ اس کے بعد ملائمت سے اپنے مطالبہ کا جواب طلب کرو۔ اس طریقہ سے 90 فیصدی تم کو کامیابی حاصل ہو سکے گی اور دلی مراد بالضرور بر آئے گی۔

جس آدمی پر اپنا اثر ڈالنا منظور ہو اس کی توجہ اپنی جانب اس قدر مائل کر لینا چاہیے کہ وہ ادھر ادھر نہ دیکھ سکے۔ ورنہ اس کو تمہارے ایماء پر غور کرنے کا موقع مل جائے گا جونہی وہ تمہاری طرف متوجہ ہو جائے اپنی مقناطیسی نگر ڈال کر اس کو بات چیت میں مشغول کر لو اور اس طرح اس کے دل و ارادہ کو اپنے خیال کے مطابق بنا دو۔ مگر اس میں ذرا سی تاخیر نہ واقع ہونے پائے ایسا کرنے سے اس شخص کو تمہاری تجویزوں پر غور کرنے کا موقع ہی نہیں ملے گا جس سے آخر کار وہ تجاویز اس کے دل پر اثر انداز ہو جائیں گی اور معمولی شخص ان کو تسلیم کرنے میں ذرا بھی چون و چرا سے کام نہ لے سکے گا جو کچھ تم کہو گے بلا تامل اسی پر عملدرآمد کرنے کو راضی ہو جائے گا۔ مگر اس بات کا خیال رہنا چاہیے کہ جب وہ تم سے جدا ہونے لگے تو معمول کی جانب یعنی اس شخص کی طرف سے جس پر مقناطیسی کشش کا عمل کیا گیا ہے جواب نفی میں نہ ملنے پائے جب چلنے لگو تو اس کو بلا کر نفی میں جواب پانے سے نتیجہ کچھ نہیں حاصل ہو گا اور ساری محنت بیکار ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

بسا اوقات دوران گفتگو میں معمول یا مخاطب کی توجہ اپنی جانب مائل کرنے کی غرض سے ماہرین بعض اوقات بھی باتیں کر بیٹھتے ہیں عرصہ گفتگو میں دوسری جانب کی توجہ میں کبھی کمی واقع ہو جائے اور وہ تمہاری باتوں پر دھیان دینے کے بجائے کسی اور جانب متوجہ ہو جائے یا ادھر ادھر دیکھنے لگے تو تم اپنی آنکھوں کو لمحہ بھر کیلئے دائیں یا بائیں فی جانب یعنی جس طرف اس شخص کی توجہ منحرف ہو گئی ہے گھما دو اور قدرتاً وہ شخص تمہاری طرف مبذول ہو جائے۔ فوراً اپنی مقناطیسی نظر کو اس کی ناک کے سرے پر مرکوز و مائل کر دو اور اسی وقت اپنی تجاویز کا اظہار کر کے ان کا فوراً جواب طلب کرو۔ وکیلوں کو اپنے مؤکلوں واعظوں کو مردوں، ماسٹروں اور طالب علموں اور تاجروں کو اپنے گاہکوں پر اپنا اثر و اقتدار جمانے کیلئے دوران گفتگو میں اپنی حواس و دل کی پوری طاقت سے کام لینا اور ان کو کسی نہ کسی طرح اپنی نیک نیتی اور صداقت کا قائل کر دینا چاہیے ان کو یہ کسی طرح معلوم ہونے نہ پائے کہ تمہاری نیت خراب ہے اور دروغ بیانی سے کام لیا جا رہا ہے۔ اپنی تجاویز کا اظہار کے دل سے کرو اور احساس کی قوت کو تجاویز کے ساتھ ہی ہمراہ رکھو۔ دائمی اثر جمانے یا لوگوں کو اپنا معتقد بنانے کیلئے لازمی ہے کہ احساس اور دل کی پوری طاقت سے کام لیا جائے۔ باقاعدہ مشق کرنے سے رفتہ رفتہ تمہارے لب و لہجہ اور آواز میں زور پیدا ہو جائے گا جس سے دلی تجاویز اچھی طرح ظاہر ہو سکیں گی اور اپنا پورا پورا اثر جما لیں گی۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

دسواں سبق

قانون مطالبہ

